Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ - جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء | جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ نائب تحصیلدار بلاسپور	۱
۲	اضافہ نائب جیلر زندان	
۳	رخصت واسطے افسران کارخانجات	۱ و ۲
۴	عطائے اختیارات بہ مینیجر صاحب اخبار	۲
		،،
	نقشہ نرخنامہ اجناس -	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۸ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر - سید محمد تقی نائب تحصیلدار بلاسپور شاہرہ وار بیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا -

۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر - صاحبزادہ سید علی حیدر خان بہادر

نائب جیلر مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ از یکم جنوری سنہ ۱۹۲۳ء سے بصلہ کارگزاری بجائے جیلر صاحب جیلخانہ منظور فرمایا گیا -

رخصت

۲۳ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

ثبتہ عرضداشت سید علی اکبر صاحب مہتمم خاصہ - سید ابرار حسین افسر کارخانہ جات و سید انوار حسین معاون منصرم پاندان خانہ کی رخصت ایک ایک ہفتہ کی اور سید عزادار حسین نائب منصرم گاؤمیش خانہ کی دو مہینے کی منظور فرمائی گئی لیکن سید ابرار حسین و سید انوار حسین کو اسوقت سے رخصت دیجائیگی جس تاریخ سے صاحب مہتمم خاصہ چاہیں گے -

---

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

ثبتہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ صدور حکم عطاء اختیارات منیجر صاحب انہار مثل صاحب ایگزیکٹو انجینیر سابق مرقومہ ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء منسلکہ ہذا صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات بوجہ کثرت کار صیغہ انہار چاہتے ہیں کہ جو اختیارات بحکم ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء ایگزیکٹو انجینیر صیغہ تعمیرات کو دیئے گئے ہیں وہی اختیارات منیجر صیغہ انہار کو دیئے جائیں تاکہ کار سرکار میں حرج واقع نہو مثل برآمد ہو دیکھی گئی - منظور کیا جاتا ہے کہ حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات وہ اختیارات جو بحکم ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء ایگزیکٹو انجینیر تعمیرات کو حاصل ہیں منیجر انہار کو بھی دیئے جائیں - احکام ضابطہ جاری ہوں - مثل متعلقہ داخل دفتر ہو -

نقل حکم اجلاس ہمایون مرقومہ ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

کاغذات تجویز اختیارات صاحب ایگزیکٹو انجینیر مرسلہ صاحب ہوم سکریٹری بہادر ملاحظہ ہو کر حسب ذیل اختیارات صاحب ایگزیکٹو انجینیر منظور کئے جاتے ہیں - صاحب ایگزیکٹو انجینیر اپنے جن اختیارات کا استعمال کریں انکی اطلاعی رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر کے پاس روانہ کر دیا کریں -

۱ - جو ملازم مستقل پچیس روپیہ ماہوار تک کے تنخواہ دار ہیں انپر چہارم تنخواہ تک صاحب ایگزیکٹو انجینیر بہادر جرمانہ کر سکتے ہیں -

۲ - مینیل اسٹاف پندرہ روپیہ تنخواہ تک کی موقوفی و بحالی و تقرری بجائے موقوف شدہ باختیار خود کر سکتے ہیں -

۳ - متعلق اجازت و منظوری نیلام درختان افتادہ و شاخ تراشی درختان و نیلام گھاس سڑک ہائے دو سو روپیہ تک کا اختیار دیا جاتا ہے -

۴ - بلہائے صیغہ تعمیرات جو آڈٹ سے پاس ہو جائیں وہ تو آڈٹ سے صاحب ہوم سکریٹری بہادر کے پاس جائیں گے اور جن بلہائے تعمیرات میں آڈٹ کا کوئی اعتراض ہو انکی تکمیل کے لئے آڈٹ سے بجلد راست صاحب ایگزیکٹو انجینیر کے پاس بھیجے جائیں اور وہانسے بعد تکمیل وہ آڈٹ کو بھیج سکتے ہیں - اسیطرح بلہائے صیغہ تعمیرات بھی صاحب ایگزیکٹو انجینیر آڈٹ کو بجلد راست روانہ کر سکتے ہیں -

۵ - مینیل اسٹاف سیہ تنخواہ تک کے ملازمان کی رخصت رعایتی و غیر رعایتی ایک ماہ تک کی دے سکتے ہیں - اور عملہ دفتر سب اورسیر کو پندرہ دن کی رعایتی رخصت اور ایک ماہ کی غیر رعایتی رخصت دے سکتے ہیں -

احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو -

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۲ لغایت ۲۸ جنوری ۱۹۲۲ع

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
	۱۳ ر		۱۰ ۶ ر		۱۴ ر		گندم
	۱۰ ر		۱۰ ر		۹ ر		نخود خالص
	۱۰ ۱۰ ر		۱۰ ۱۰ ر		۱۰ ر		نخود کسہ آمیز
	۱۱ ر		۱۱ ر		۱۰ ر		کیسہ
	۹ ر		۱۰ ر		۹ ر		ماش
	۹۰ ر		۸ ر		۱۰ ر		مونگ
	•		•		•		مکا
	۱۲ ر		۱۰ ر		•		جئی
	۹ ر		۸ ر		•		گوجئی
	۷ ر		۸ ر		•		مسور
	•		۱۰ ر		•		ارہر
	۱۰ ۵ ر		۱۰ ۵ ر		۵ ر		برنج
	[illegible]		[illegible]		[illegible]		روغن زرد
	[illegible]		[illegible] ر		[illegible]		روغن سیاہ
	یک سیر		۲ ر		۲ ر		روغن کنجد
	۱۱ ر		۱۰ ر		۱۰ ر		نمک سانبھر
	۸ ر		۵ ر		۷ ر		نمک لاہوری
	۵ ر		۵ ر		۵ ر		قند سیاہ
	۹ ر		•		۲۰ ر		ابزنہ

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور